03/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

ایل جی اجلاس

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ مرکز جموں کشمیر کو ریاست کا درجہ واپس دلانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ آج جموں کشمیر اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے پہلے دن اپنے خطاب میں منوج سنہا نے کہا کہ سرکار اس سلسلے میں تمام متعلقین کے ساتھ صلاح و مشورے کا عمل جاری رکھے ہوئی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے لئے ریاست کا درجہ بحال ہونے تک تمام متعلقین کے ساتھ اس طرح کی کوششیں جاری رہیں گی ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار کشمیری پنڈتوں کی واپسی یقینی بنانے کے لئے بھی پر عزم ہے ، جس کے لئے ایک مناسب اور محفوظ ماحول قائم کرنے کی سمت میں کام کیا جا رہا ہے ۔

منوج سنہا نے کہا کہ سرکار پنچایتی اور بلدیاتی اداروں کو مضبوط کرنے کے لئے کاربند ہے اور ان اداروں کے لئے بر وقت انتخابات عمل میں لائے جائیں گے ۔

بجٹ اجلاس

جموں کے ہمارے نمائندے گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ بجٹ اجلاس میں زبردست بحث و مباحثہ ہونے کی توقع ہے کیونکہ BJP، PDP اور پیپلز کانفرنس جیسی اپوزیشن جماعتیں، الیکشن میں کئے گئے وعدوں سمیت مختلف معاملات پر سرکار کو گھیرنے کے لئے تیار ہے ں۔

یہ عمر عبداللہ کی قیادت والی موجودہ نیشنل کانفرنس سرکار کا پہلا بجٹ ہو گا ۔ انہوں نے اکتوبر 2024 میں سرکار کا اقتدار سنبھالا تھا ۔ عمر عبداللہ سات مارچ کو اسمبلی مینیوٹی کا بجٹ پیش کریں گے ۔

اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے بجٹ سیشن کے بارے میں کہا ہے کہ اجلاس کے احسن انعقاد کے لئے تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں ۔

## 3R

فورم کا اجلاس Economy اینڈ سرکیولر Rراجستھان کے جے پور میں آج سے بارہویں علاقائی 3 شروع ہو گیا ہے ۔ اجلاس میں 38 ممالک ، 15 وزارتیں اور زائد از پانچ سو شرکاءحصہ لے رہے ہے ۔ Reduce, Recycle and Reuse کا مطلب Rہیں ـواضح رہے کہ 3

## e-FIR

ایک اہم پیش رفت کے تحت پٹن پولیس نے ڈیجیٹل پولیسنگ کی سمت میں آگے بڑھ کر واٹس اپ درج کی ہے ۔ e-FIR پر درج کی گئی شکایت کے تناظر میں اپنی نوعیت کی پہلی

پولیس پریس نوٹ کے مطابق بمنہ کی رہنے والی ایک خاتون شکایت کنندہ نے واٹس اپ پر محکمہ ہارٹیکلچر میں کام کرنے والے ایک ملازم کے خلاف شکایت درج کرائی جس کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس نے معاملہ درج کر لیا ۔

## آگ

بڈگام ضلع کے واگورہ بی کے پورہ میں دوران شب آگ کی ایک واردات میں چار رہائشی مکانات خاکستر ہو گئے ہیں ۔ ہمارے بڈگام کے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ یہ واقع واگورہ کے گنائی محلہ میں پیش آیا جہاں رات کے دوران ایک مکان سے آگ نمو دار ہوئی جس نے آناً فاناً تین مزید مکانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا اور چاروں مکانوں کو شدید نقصان پہنچا ۔ بعد میں فائر سروسز ٹیم نے اپنی کاروائی انجام دی ۔

## عالمی دن

آج قوت سماعت کا عالمی دن ہے ۔ یہ دن ہر سال تین مارچ کو اس مقصد سے منایا جاتا ہے کہ کانوں کی صحت اور بہرے پن کی وجوہات اور اس سے بچاو کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جا سکے ۔

آج ہی جنگلی حیات کا بھی عالمی دن ہے ۔ اس دن حیوانات و نباتات کے وجود کی اہمیت اجا گر کی جاتی ہے اور بنی نوع انسان نیز کرہ

---

ارض کے تئیں جنگلی حیات کے اہم کردار کا اعتراف کیا جاتا ہے ۔ ۃ

موسم

وادی کے بیشتر میدانی اور بالائی علاقوں میں آج صبح سویرے سے بارش اور برف باری کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے ۔ شہر سرینگر کے متعدد علاقوں میں بھی ہلکی بارش ہو رہی ہے ۔

کپواڑہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ ضلع کے اکثر علاقوں میں اس وقت تازہ برف باری جاری ہے ۔ شوپیان کے ہمارے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ ضلع کے میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برف باری کے نتیجے میں درجہ حرارت میں گراوٹ آگئی ہے ۔

بانڈی پورہ کے ہمارے نمائندے عادل اسماعیل کے مطابق تازہ موسمی صورتحال کے نتیجے میں گریز بانڈی پورہ روڑ فی الحال ٹریفک کے لئے بند ہے ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق اگر چہ رام بن اور بانہال کے علاقوں میں بارش ہو رہی ہے تاہم سرینگر جمونقومی شاہراہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

موسم 2

اسی دوران تازہ برف باری کے بعد مشہور سیاحتی مقام گلمرگ کھیلو انڈیا کے دوسرے مرحلے کی میزبانی کے لئے تیار ہے ۔ جموں کشمیر انتظامیہ اور سپورٹس کونسل نے اس کے لئے ضروری انتظامات کئے ہیں ۔

گلمرگ میں یہ کھیل نو مارچ سے 12 مارچ تک کھیلے جائیں گے ۔ اس دوران مختلف علاقوں سے آنے والے کھلاڑیوں ، کھیل شائقین اور سیاحوں کو قدرتی خوبصورتی کا ایک انوکھا تجربہ ہو گا ۔

مارکیٹ چکینگ

مقدس ماہ رمضان کے دوران نا جائز منافع خوری اور کالا بازاری پر نگاہ رکھنے کی غرض سے پولیس نے سول انتظامیہ کے متعلقہ محکموں کے اہلکاروں کے ہمراہ مارکیٹ چکینگ میں تیزی لائی ہے۔

ٹیم کے ارکان نے دکانداروں سے کہاکہ وہ ریٹ لسٹ آویزان رکھنے کے علاوہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ صارفین کوجو بھی ڈبہ بند اشیاءفروخت کی جائےں، اس کی قیمت لکھی ہو اور اس پر پیکنگ کی تاریخ درج ہو ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ